# تحفّظ

نومبر 2015

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ (صرف کارکنان کے لیے)




وزیراعظم پاکستان ہیلتھ انشورنس پروگرام کی تعارفی تقریب

مزید تفصیلات اندرونی صفحات پر

- اسٹیٹ لائف بھوربن کنونشن 2015، اسٹیٹ لائف کے بیمہ کاروں کا روایتی اجتماع
- بیمہ کارکن کے فلاحی ٹرسٹ کا قیام، فیلڈ فیڈریشن کا تاریخی کارنامہ
- کراچی میں جلسہ سیرت النبی ﷺ
- کراچی کنونشن 2015 برائے ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز




فرمانِ الٰہی

تباہی ہے ہر اُس شخص کے لیے جو (منہ در منہ) لوگوں پر طعن اور (پیٹھ پیچھے) برائیاں کرنے کا خوگر ہے، جس نے مال جمع کیا اور اسے گن گن کر رکھا۔ وہ سمجھتا ہے کہ اُس کا مال ہمیشہ اُس کے پاس رہے گا۔ ہرگز نہیں۔ وہ شخص تو چکنا چور کردینے والی جگہ میں پھینک دیا جائے گا۔ اور تم کیا جانو کہ کیا ہے وہ چکنا چور کردینے والی جگہ؟ اللہ کی آگ، خوب بھڑکائی ہوئی، جو دلوں تک پہنچے گی۔ وہ ان پر ڈھانک کر بند کردی جائے گی (اس حالت میں کہ وہ) اونچے اونچے ستونوں میں (گھرے ہوئے ہوں گے)۔
(سورۃ الھمزۃ)




فرمانِ رسول ﷺ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم لوگوں میں میرے زیادہ پیارے اور قیامت کے دن میرے بہت قریب بیٹھنے والے وہ لوگ ہیں جن کے اخلاق اچھے ہیں اور تم لوگوں میں میرے بڑے دشمن اور قیامت میں مجھ سے بہت دور بیٹھنے والے وہ لوگ ہیں جو بڑے باتونی اور بڑ مارنے والے اور منہ دراز ہیں۔ (ترمذی)



قائداعظمؒ نے فرمایا

ہماری افواج کے حوصلے قابلِ فخر ہیں۔ ان کی ہمتیں بلند ہیں اور سب سے زیادہ اطمینان بخش بات یہ ہے کہ ہر افسر اور سپاہی، خواہ وہ کسی فرقہ اور نسل کا ہو، سچے پاکستانی کی طرح کام کر رہا ہے۔ اگر آپ اسی جذبے سے سچے رفیقوں اور سچے پاکستانیوں کی طرح بے غرضی سے کام کرتے رہے تو پھر پاکستان کو کسی بات کا ڈر نہیں۔
(بری فوج سے خطاب، 21فروری1948)



فرمودۂ اقبالؒ

افراد کے ہاتھوں میں اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارا
محروم رہا دولتِ دریا سے وہ غواص
کرتا نہیں جو صحبتِ ساحل سے کنارا
(ضربِ کلیم)

خیال وافکار

# بیمہ زندگی کی ضرورت

دنیا میں آج بھی بہت سے لوگ ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ ''انہیں کبھی بیمہ زندگی کی کوئی ضرورت محسوس نہیں ہوتی''، شاید وہ ان مضمرات پر نہیں سوچتے جو ہر اس شخص کے لیے بے حد اہم ہیں جو کسی خاندان کا کفیل ہوتا ہے۔ اگر وہ مستقبل کی معاشی ضروریات پر سنجیدگی سے غور کریں تو یہ اندازہ کرنا ان کے لیے مشکل نہ ہوگا کہ بیمہ زندگی ہمیشہ سے انسان کی ضرورت ہے اور رہے گی۔

دراصل بیمہ زندگی کی ضرورت ان تمام لوگوں کو ہے جو...... اپنے بیوی بچوں سے محبت کرتے ہیں اور انہیں زندگی کی تمام آسائشیں مہیا کرنا چاہتے ہیں۔

وہ...... جو سوچتے ہیں کہ گھر کے کفیل کی موت پر اس کا خاندان شدید مالی مشکلات کا شکار ہوسکتا ہے۔

وہ...... جو ہنگامی ضروریات کے لیے نقد رقم کی بروقت ضمانت چاہتے ہیں۔

وہ...... جو سمجھتے ہیں کہ بچوں کی تعلیم ان کی ذمہ داری ہے۔ جو سوچتے ہیں کہ ان کو بڑھاپے میں مستقل آمدنی کی ضمانت ملنی چاہیئے۔

سچ تو یہ ہے کہ ہر سمجھدار اور دور اندیش شخص کا اندازِ فکر یہی ہوتا ہے اور جیسے ہی ممکن ہوتا ہے چھوٹی چھوٹی بچتوں سے بیمہ زندگی کی پالیسی ضرور حاصل کرلیتا ہے۔

اسی لیے وہ بیمہ زندگی کو ایک لازمی ضرورت سمجھتا ہے۔

یاد رکھیے! آج کے دور میں مستقبل کی ممکنہ معاشی دشواریوں کا صرف ایک ہی حل ہے...... بیمہ زندگی۔

اسٹیٹ لائف کے بیمہ کارکنان کا اولین فرض یہی ہے کہ وہ لوگوں کو مستقبل کی معاشی فکر کا ادراک کرائیں۔

ایڈیٹر

ccd.statelife.@yahoo.com


مدیر: سید غلام شبیر شاہ
(ڈپارٹمنٹل ہیڈ/اے جی ایم)
نائب مدیر: محمد اعظم شاکر
ادارتی مشاورت: عبدالخالق نینی
ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ: ایڈیٹر تحفظ، کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ، پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر 5725، کراچی 75530
ٹیلی فون نمبر: 99202819(021)

لے آؤٹ ڈیزائن: اسپیکٹرم کمیونی کیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

# گلگت بلتستان سیکٹر کو زون کا درجہ دے دیا گیا



وفاقی وزیرتجارت انجینئر خرم دستگیر خان نے چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو کے ہمراہ ریجنل چیف نارتھ محترم اظہر حسین اور زونل سربراہ اسلام آباد زون محترمہ سردار بیگم نے گذشتہ دنوں گلگت بلتستان کا دورہ کیا۔تقریب کا انعقاد مقامی ہوٹل گلگت میں کیا گیا۔زونل ہیڈ اور فیلڈ کی ایک کثیر تعداد نے مہمانانِ گرامی کا پُر جوش استقبال کیا۔گلگت بلتستان کی اہم شخصیات کو بھی اس موقع پر مدعو کیا گیا۔ جہاں محترم خرم دستگیر خان نے گلگت سیکٹر کو زون کا درجہ دینے کا اعلان کیا۔

محترم اظہر حسین نے جناب خرم دستگیر اور محترمہ نرگس گھلو کا شکریہ ادا کیا۔محترمہ نرگس گھلو نے وفاقی وزیرتجارت کی گلگت بلتستان تشریف آوری پر شکریہ ادا کرتے ہوئے فیلڈ فورس کو دن رات محنت کرنے کی تلقین کی اور اس نئے زون کو کارپوریشن کے صفِ اوّل کے زونز میں شامل کرنے کی امید کا اظہار کیا۔




مہمان خصوصی جناب خرم دستگیر خان نے اپنے خطاب میں اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے کام کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور ایک قومی اثاثہ ہے۔انہوں نے کہا کہ گلگت زون جنوری 2016 سے فنکشنل ہوگا اور زون کا درجہ دینے کا اصل مقصد گلگت کے لوگوں کو گھر کی دہلیز پر سروس دینا ہے تاکہ لوگ غیر ضروری سفر سے بچ سکیں اور خرچہ بھی کم آئے۔ (تحفظ رپورٹ)




## خضدار میں آل پاکستان میر غوث بخش بزنجو فٹ بال ٹورنامنٹ میں دوسری پوزیشن یافتہ اسٹیٹ لائف فٹ بال ٹیم کا گروپ فوٹو



# اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کے زیرِ اہتمام، وزیرِاعظم پاکستان ہیلتھ انشورنس پروگرام کی تعارفی تقریب

اچھی تعلیم اوراچھی صحت ہر پاکستانی کا بنیادی حق ہے، لیکن بدقسمتی سے قیام پاکستان سے اب تک لگ بھگ 68 سال گزر جانے کے بعد بھی یہ خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہوسکا۔ دنیا کی ترقی یافتہ حکومتیں اپنی عوام کیلئے تعلیم اور صحت جیسی بنیادی سہولتوں کے لیے بھرپور کام کرتی ہیں اور یہی ان کی ترجیحات




ہوتی ہیں۔ وزیرِاعظم میاں محمد نواز شریف صاحب نے اس خواب کو شرمندۂ تعبیر کرتے ہوئے غریب پاکستانیوں کو صحت کی بنیادی سہولت کی فراہمی کے لیے ''وزیرِاعظم ہیلتھ انشورنس پروگرام''



کا آغاز کیا ہے۔ یہ بات وفاقی وزیرِ تجارت انجینئر خرم دستگیر خان نے کراچی کے مقامی ہوٹل میں محترمہ نرگس گھلو چیئرپرسن اسٹیٹ لائف کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں کہی۔ تعارفی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف کے تعاون سے اس سال کے اختتام تک اس پروگرام کا آغاز کردیا جائے گا۔ یہ ایک تاریخی اورانقلابی پروگرام ہے۔ تاریخی اعتبار سے پاکستان کے طول وعرض میں اب تک اتنا بڑا پروگرام کسی دورِ حکومت میں شروع نہیں کیا جاسکا ہے۔ وزیرِاعظم ہیلتھ انشورنس پروگرام کی نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں:

1۔ ہسپتال کے اخراجات کے مقصد کے لیے یہ ایک ہیلتھ انشورنس اسکیم ہے (فی الحال او پی ڈی اس میں شامل نہیں)۔

2۔ یہ ایک فیملی پریمیئم پروڈکٹ ہے، جو گھر کے افراد کی تعداد پر بغیر کسی کیپ (Cap) غیر مقررہ بنیاد پر زیرِغور ہوگا۔

3۔ حکومت کے ذریعے اس اسکیم کے تحت درج شدہ فیملی ممبرز ترجیحی بنیاد پر بی آئی ایس پی کے معیار کے تحت ہوں گے۔ فیملی کے افراد کے سربراہان اور بچے بھی ترجیحی بنیاد پر اس اسکیم میں شامل ہوں گے۔

4۔ پروگرام میں پاکستان بھر سے وفاقی اورصوبائی حکومتوں کے ذریعے مالی معاونت کی جائے گی۔

5۔ اسکیم میں پاکستان کے 23 اضلاع / ریجن شامل ہیں۔

6۔ پروگرام دو نمایاں پیکیجز پر مشتمل ہے:

- ثانوی دیکھ بھال: ہر فیملی کے لیے 50,000 روپے سالانہ غیر مقررہ بنیاد پر ثانوی دیکھ بھال کا تحفظ بشمول 15,000 روپے تک میٹرنٹی کیئر کے اخراجات۔
- ترجیحی دیکھ بھال: ہر فیملی کے لیے 250,000 روپے تک سالانہ غیر مقررہ بنیاد پر ترجیحی دیکھ بھال کا تحفظ۔

6۔ ثانوی دیکھ بھال تک رسائی کے لیے تین وزٹس کے لیے ٹرانسپورٹ کے اخراجات اور ہر وزٹ پر 350 روپے کیپ (Cap) ہسپتال سے اخراج کے وقت واجب الادا جو اس میں شامل ہیں۔

7۔ سہولت فراہم کرنے والے کے لیے ادائیگی کا طریقہ کار پہلے سے ترتیب دی گئی قیمتوں کے ساتھ ایک کیش لیس سسٹم کے تحت ہوگا جو سہولت فراہم کرنے والے کو کمپنی ہفتہ وار ادا کرے گی۔

8۔ پروگرام میں آغاز پیدائش سے تمام عمر کے افراد اور جنس شامل ہوں گے۔

9۔ ثانوی دیکھ بھال کے تحفظ میں میٹرنٹی کیئر پیکیج بھی شامل ہے جو بشمول ایس وی ڈی، سی-سیکشن، بچے کی پیدائش/ زچگی میں پیچیدگی، پیدائش سے پہلے چار بار معائنہ، ایک مرتبہ بچے کی پیدائش کے بعد معائنہ اور ایک نوزائیدہ بچے کا معائنہ۔



ندیم بٹی، جی ایم ہیلتھ انشورنس، ایف ایم سے بات کرتے ہوئے۔

10۔ ثانوی خدمات جن کا تحفظ اس اسکیم کے تحت دیا گیا ہے، پہلے سے موجود طبی صورتحال سے مستثنٰی نہیں ہوگی۔ (سوائے کچھ مخصوص ''معیاری اخراج'' جیسا کہ خودکشی کی کوشش میں زخمی ہونے کی صورت میں، نشے کے عادی یا خوراک یا دوا کا زائد مقدار میں استعمال، کاسمیٹک سرجری وغیرہ)۔

11۔ ثانوی خدمات جن کا اس اسکیم کے تحت تحفظ دیا گیا ہے، ہسپتال میں داخل ہونے سے ایک دن قبل اور ہسپتال سے اخراج کے بعد 5 دن تک ہسپتال کی تاریخ اخراج سے ادویات کے اخراجات بھی اس پیکیج کا حصہ ہیں۔

12۔ ترجیحی دیکھ بھال پیکیج کا تحفظ صرف تیسرے درجے کے ہسپتالوں تک محدود ہے جس میں دونوں سرکاری اور پرائیویٹ سیکٹر شامل ہیں۔

13۔ اس اسکیم کے تحت ترجیحی علاج کو درج ذیل کیٹگریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔

- دل کی بیماری
- ذیابطیس سے متعلق پیچیدگیاں جس میں ہسپتال داخل ہونا پڑے




- ہنگامی صورتحال یا صدمہ
- آخری درجے پر گردوں کی بیماری
- ناکامی عضو کی مینجمنٹ
- دائمی انفیکشن کی پیچیدگی
- رسولی کے امراض

14۔ اس اسکیم کے تحت ترجیحی علاج پیکیج میں تشخیص، علاج، ہسپتال میں داخل ہونا، ہسپتال میں داخل ہونے سے ایک دن قبل اور ہسپتال سے اخراج کے بعد 5 دن تک ادویات کے اخراجات بیان کردہ پیکیج کے مطابق اس میں تحفظ شدہ ہوں گے۔

وفاقی وزیر برائے تجارت خرم دستگیر نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ وزیراعظم ہیلتھ انشورنس پروگرام کے لیے ڈیٹا کا انسٹرومنٹ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کو اپ ڈیٹ کر کے نادرا کی مدد سے حاصل کیا جارہا ہے تاکہ یہ سہولت پاکستان کے غریب ترین لوگوں تک پہنچ سکے جو اس کے مستحق ہیں۔

اسٹیٹ لائف انشورنس آف پاکستان نے بہت بڑا چیلنج قبول کرتے ہوئے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی مدد سے IP پروگرام تیار کیا ہے اور نہایت ہی باریک بینی سے ایک ایک پہلو کو مدنظر رکھتے ہوئے آنے والی مشکلات کو بھی زیر بحث رکھا ہے۔ ابتدائی طور پر پاکستان کے 2,3 اضلاع یعنی



چاروں صوبوں کے 16 اضلاع، گلگت-بلتستان کے 2 اضلاع، آزاد کشمیر کے 2 اضلاع، اسلام آباد کی 1 ٹریٹری اور قبائلی ایجنسیوں کے 2 اضلاع میں 1 کروڑ 34 لاکھ مستحق افراد اس پروگرام سے استفادہ حاصل کرسکیں گے اور انشااللہ آئندہ تین سالوں میں ساڑھے تین کروڑ سے ساڑھے چار کروڑ غریب پاکستانی مستحق افراد اس ہیلتھ انشورنس پروگرام کا حصہ بن سکیں گے۔

اسٹیٹ لائف چونکہ ملکی سطح کی ایک بڑی انشورنس آرگنائزیشن ہے لہٰذا اس کی پہنچ پاکستان کے ہر صوبے تک ہے، اس لیے ایک بڑے مقصد کے لیے یہ آرگنائزیشن ایک بڑا قدم اُٹھا رہی ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی مدد سے ڈیٹا اسٹور ہاؤس کا پورا سسٹم قائم کیا ہے اور علیحدہ ڈویژن کے ساتھ میدان عمل میں کام کا بھرپور عزم رکھتی ہے۔ ان تیاریوں اور حوصلوں کی وجہ سے کامیابی کے بڑے واضح امکانات موجود ہیں۔ ڈیلی ایمان کراچی کی انتظامیہ اور اسٹاف ان نیک تمناؤں کے ساتھ دعا گو ہے کہ ایسے پروگرام جو پاکستانی عوام کے لیے ڈیزائن کیے جاتے ہیں، کاغذوں کی حد تک نہ ہو بلکہ عملی طور پر نافذ کر کے غربت کی سطح کو کم کرنے اور ملک میں خوشحالی لانے میں مددگار ہوں۔


اس موقع پر چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو نے بتایا کہ اسٹیٹ لائف ایک پبلک سیکٹر آرگنائزیشن ہے۔ اس نے ہمیشہ کارکردگی پر انحصار کیا ہے۔ 1990 سے کئی پرائیویٹ کمپنیاں آئیں لیکن اسٹیٹ لائف نے کارکردگی کی بنیاد پر اپنا مارکیٹ شیئر 58% برقرار رکھا ہے۔ ہم ہر سال اپنی آمدنی کا 97½ فیصد بونس کی مد میں پالیسی ہولڈرز کو بطور بونس ادا کرتے ہیں اور بونس کی اس رقم میں ہر سال اضافہ ہو رہا ہے۔

اس موقع پر جناب جمیل انور، اذکار خان ایگزیکٹیو ڈائریکٹر اور کارپوریشن کے سینئر جنرل منیجرز بھی موجود تھے۔ (تحفظ رپورٹ)



# اسٹیٹ لائف بھوربن کنونشن 2015
## اسٹیٹ لائف کے بیمہ کاروں کا روایتی اجتماع
## فروغِ کاروبار کے لیے ٹھوس حکمت عملی پر غور

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کا سالانہ کنونشن حسب سابق پرل کانٹی نینٹل ہوٹل بھوربن (مری) میں 8 تا 11 ستمبر 2015 کو منعقد ہوا۔ اس کنونشن میں کاروباری اہداف مکمل کرنیوالے کم و بیش 180 فیلڈ کارکنان و افسران نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ تمام زونل سربراہان، ریجنل چیفس، مارکیٹنگ ڈویژن کے اعلیٰ افسران، اسٹیئرنگ کمیٹی کے ممبران، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب اذکار خان، ڈویژنل ہیڈز کے علاوہ چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو نے بھی شرکت فرمائی۔ کنونشن میں گروپ اینڈ پینشن ڈویژن کے افسران نے بھی بطور کوالیفائرز شرکت کی۔




اسٹیٹ لائف کنونشن کا بنیادی مقصد مارکیٹنگ فورس کو تفریح کے ساتھ ساتھ باہم مل بیٹھ کر اپنے تجربات کی روشنی میں فروغِ کاروبار کے لیے تبادلہ خیال کا موقع فراہم کرنا تھا۔

مندوبین کنونشن 8 ستمبر کی صبح سے ہی بھوربن پہنچنا شروع ہو گئے جن کا استقبال اور دیگر انتظامات کے لیے اسٹینڈنگ کمیٹی اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان موجود تھے۔



شام 6 بجے سے مندوبین کنونشن ہال میں جمع ہونا شروع ہو گئے تھے۔ چیئرپرسن، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جب اسٹیج پر تشریف لائے تو مندوبین نے کھڑے ہو کر پرجوش استقبال کیا۔ اسٹیج پر چیئرپرسن، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کے ہمراہ ان فیلڈ



کارکنان و افسران کو اسٹیج پر بیٹھنے کے لیے کہا گیا جنہوں نے 2014 میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ ان میں جناب محمود جعفر سینئر ہیڈ فیصل آباد زون، محمد سرور ایریا منیجر فیصل آباد ڈویژن،



جناب عدیل منظور سیلز منیجر فیصل آباد زون، جناب عثمان افضل سیلز آفیسر فیصل آباد زون، جناب ممتاز اے قریشی سینئر ہیڈ گروپ اینڈ پینشن کراچی زون اور جناب فرخ علی سیلز ریپریزینٹیٹو گلف زون شامل ہیں۔




افتتاحی اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ نعت رسول ﷺ پیش کی گئی۔ اس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا جس کے احترام میں تمام مندوبین کھڑے ہو گئے۔ بعدازاں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس نے خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے 15-2014 کا کاروباری جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا 2014 میں کارپوریشن نے سال اول میں 15 ارب 47 کروڑ سے زائد کا پریمیئم حاصل کیا۔

انہوں نے کہا کہ کنونشن کے انعقاد کی روایت کی بنیاد 1992 سے ڈالی گئی ہے اور الحمدللہ تب سے اب تک شرکاء کی تعداد میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے اور ہر فرد مقابلہ جیتنے کا متمنی ہے۔ انہوں نے ان اقدامات کا بھی ذکر کیا جو کارپوریشن نے 2015 میں فیلڈ کو متحرک کرنے اور بیمہ داروں سے رابطہ کے لیے کیے ہیں۔ انہوں نے کاروبار میں مزید بہتری اور محنت کی ضرورت پر زور دیا۔ ہمیں بہتر سے بہترین افراد کو ساتھ لے کر چلنا ہوگا۔ بیمہ زندگی کے پیغام کو عام کرنا ہوگا اور ہم وطنوں کو



بچت اور تحفظ فراہم کرنا ہوگا۔ آخر میں انہوں نے تمام شرکاء کنونشن کو مبارکباد پیش کی۔

چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو نے اپنے خطاب میں شرکاء کنونشن کو بھوربن میں آنے کی مبارک باد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ 2014 میں کلیمز کی مد میں بیمہ داروں اور ان کے ورثا کو 13 ارب روپے سے زائد ادا کیے۔ انہوں نے بتایا کہ 2014 میں کارپوریشن کا لائف فنڈ تقریباً 450 بلین سے زائد تک جا پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف ایک قدیم قومی ادارہ ہے جس کا منشور بیمہ داروں کے مفادات کا تحفظ اور زیادہ سے زیادہ لوگوں میں بیمہ زندگی کا تحفظ فراہم کرنا ہے۔ کارپوریشن کی حیثیت دیگر مالیاتی اداروں سے منفرد ہے۔ جسے ہمیں صحت مند تجارتی بنیاد پر



استوار کرنا ہے۔ یہ بھی کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے کہ ہمارے ملک کو بچت کی زیادہ ضرورت ہے اور یہ کام بہتر انداز میں کر سکتے ہیں۔ اسٹیٹ لائف ملکی استحکام میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ تقریر کے اختتام پر چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو نے شیلڈز پیش کیں ان کے ہمراہ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، متعلقہ ریجنل اور زونل ہیڈز تھے۔







اس کے بعد کوالیفائرز کے مابین تجربات کی روشنی میں تقریری مقابلہ ہوا جس میں تمام ریجنز سے کوالیفائرز
نے گہری دلچسپی لی۔'' Convention Plays a Motivational Role in




Insurance Business'' مقابلے کا موضوع تھا۔ اول، دوم اور سوم پوزیشن





والوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر ایگزیکٹیو جناب اذکار خان نے شرکاء
کنونشن سے اپنے بھرپور انداز میں خطاب کیا اور آنے والے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی
ضرورت پر زور دیا۔

کنونشن 2015 کے آخر میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس نے فرداً فرداً تمام شرکاء
کنونشن کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اسٹینڈنگ کمیٹی، ورکنگ کمیٹی، مارکیٹنگ ڈویژن اور سی ڈی
کا بھی شکریہ ادا کیا۔ اس کے ساتھ انہوں نے ہوٹل انتظامیہ کا بھی شکریہ ادا کیا۔ کنونشن 2015
میں کمپیئرنگ کے فرائض جناب ایم رضوان ارشد سیلز منیجر فیصل آباد زون، جناب سید اسد علی سیکٹر
ہیڈ راولپنڈی زون اور جناب عبدالغفار منیجر مارکیٹنگ پی او نے انجام دیئے۔


(تحفظ رپورٹ)

# بیمہ کارکنان کے فلاحی ٹرسٹ کا قیام، فیلڈ فیڈریشن کا تاریخی کارنامہ

ریجنل آفس سینٹرل ریجن لاہور میں گذشتہ دنوں چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو اور جناب محمد اصغر صدر فیلڈ ورکرز فیڈریشن نے بیمہ کارکنان کے فلاحی ٹرسٹ کے قیام پر دستخط کیے۔ اس ٹرسٹ کا قیام محترمہ چیئرپرسن کی خصوصی دلچسپی سے عمل میں آیا۔ محترمہ نرگس گھلو کو ٹرسٹ کا چیئرپرسن بنایا گیا۔ اس کے علاوہ جناب محمد اصغر صدر فیڈریشن جو کہ ٹرسٹ کے مرکزی امین ہوں گے، آغا سہیل کامران سیکریٹری جنرل، شیخ ساجد محمود ایڈیشنل سیکریٹری جنرل، راجہ مظفر ریجنل کوآرڈینیٹر سدرن ریجن اور انتظامیہ کی طرف سے جناب محسن عباس ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، جناب افتخار حسین ڈویژنل ہیڈ پی ایچ ایس، جناب مشتاق حسین اے جی ایم ایف اینڈ اے ہوں گے۔ تمام ٹرسٹیز نے کاغذات پر دستخط کیے۔ صدر فیڈریشن نے اپنے خطاب میں ٹرسٹ کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اللہ کے فضل و کرم سے جو کام ہمارے بڑوں نے 1994 میں شروع کیا تھا آج وہ محترمہ چیئرپرسن کی نہایت مخلص کاوش اور فیڈریشن کی انتھک محنت سے پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا ہے۔ اس درخت کا پھل بیمہ کارکنان کو جلد ہی ملنا شروع ہو جائے گا۔

(رپورٹ: محمد جاوید قادر، ایڈیشنل سیکریٹری انفارمیشن)





چیئرپرسن اسٹیٹ لائف محترمہ نرگس گھلو اور جناب محمد اصغر صدر اسٹیٹ لائف فیلڈ فیڈریشن آف پاکستان، اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز ویلفیئر ٹرسٹ کے قیام پر دستخط کر رہے ہیں۔

## جناب افتخار احمد جنرل منیجر/ڈویژنل ہیڈ گروپ اینڈ پینشن ہوگئے



پی اینڈ جی ایس کے آفس آرڈر کے مطابق جناب افتخار احمد کو ڈویژنل ہیڈ گروپ اینڈ پینشن تعینات کیا گیا ہے۔ اسی کے ساتھ انہیں ڈویژنل ہیڈ پی ایچ ایس کا اضافی چارج بھی دیا گیا ہے۔ افتخار احمد 1985 سے اسٹیٹ لائف سے منسلک ہیں۔ انہوں نے اسٹیٹ لائف کے مختلف محکموں میں خدمات انجام دی ہیں۔ وہ انشورنس کی فیلڈ میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

## جناب صہیب عثمانی ڈویژنل ہیڈ انٹرنل آڈٹ اینڈ کمپلائنس ہوگئے



پی اینڈ جی ایس کے آفس آرڈر کے مطابق جناب صہیب عثمانی کو ڈویژنل ہیڈ انٹرنل آڈٹ اینڈ کمپلائنز میں تعینات کیا گیا ہے۔ جناب صہیب عثمانی نے 1995 میں اسٹیٹ لائف میں قدم رکھا اور اس وقت سے آڈٹ کے پیشے سے ہی منسلک رہے۔ وہ آڈٹ ڈیپارٹمنٹ کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

ادارۂ تحفظ دونوں صاحبان کو ان کی نئی ذمہ داریوں پر مبارکباد پیش کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی نئی ذمہ داریوں میں استقامت اور کامیابی عطا فرمائے آمین۔

# مارکیٹنگ ڈویژن کے تحت کراچی کنونشن 2015 برائے ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز

ماہ اگست میں مارکیٹنگ ڈویژن کے تحت کراچی کنونشن 2015 برائے ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز، ڈریم ورلڈ ریزورٹ، کراچی میں منعقد ہوا۔ جس میں ملک کے تمام زونز بشمول گلف زون کے کونٹیسٹ ونرز نے شرکت کی۔ اس کونٹیسٹ کو 109 ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈز نے مجموعی طور پر جیت کر کراچی کنونشن میں بھرپور شرکت کی۔ اس کنونشن میں تمام ریجنل چیف صاحبان نے خصوصی طور پر شرکت کی۔




مارکیٹنگ ڈویژن پی او نے اس کنونشن کے انعقاد کی تمام تر ذمہ داری ساؤتھ ریجن کے ریجنل چیف جناب محمد اقبال گل صاحب کی سربراہی میں قائم کمیٹی کو سپرد کی، جن کے ارکان میں جناب قاضی فواد سلیم، جناب صدیق اکبر اور جناب محمد سعید خان زونل ہیڈ سینٹرل، ایسٹرن اور ساؤتھ شامل تھے جنہوں نے یہ ذمہ داری بھرپور طریقے سے انجام دی۔

مہمانوں کا استقبال پھولوں کے ساتھ کیا گیا اور ڈریم ورلڈ ریزورٹ میں بہترین رہائش وطعام کا انتظام کیا گیا۔

تقریبِ تقسیم انعامات کا انعقاد 19 اگست کو ہوا۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، قومی ترانے کے بعد نظامت کے فرائض زونل سربراہ سینٹرل زون، جناب قاضی فواد سلیم نے انجام دیئے۔ ریجنل چیف جناب محمد اقبال گل نے تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور تمام ونرز کو مبارکباد دی۔ ڈویژن ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس نے مہمانِ خصوصی اور دیگر مہمانوں کو گلدستے اور سندھی ٹوپی اور اجرک پیش کی۔ اس تقریب کے مہمانِ خصوصی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر (پی اینڈ جی ایس) اعجاز علی خان نے فرمائی۔ جناب جمیل انور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر، محسن عباس و جناب فیصل ممتاز اور تمام ریجنل چیفس نے شرکت کی۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس نے کراچی کنونشن 2015 کی بھرپور کامیابی پر تمام ونرز کو مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی یہ کنونشن اسی طرح جاری رکھا جائے گا۔

تقریب کے مہمانِ خصوصی جناب اعجاز علی خان نے اپنے خطاب میں اس کنونشن کو بہت سراہا اور ڈریم ورلڈ ریزورٹ کے بارے میں بتایا کہ یہ ورلڈ کلاس ریزورٹ ہے اور اس خوبصورت جگہ میں اس کامیاب کنونشن اور اس میں شریک تمام افراد کو جنہوں نے اس کنونشن کو کوالیفائی کیا،



بہت مبارکباد پیش کی اور کہا کہ میں امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی اسی طرح کے پروگرام، فیلڈ کا جذبہ بڑھانے کے لیے جاری رکھے جائیں گے تاکہ کارپوریشن زیادہ سے زیادہ سہل انداز اختیار کر سکے اور بیمہ پالیسی کا ثمر عام آبادی تک پہنچ سکے۔

بعد از تقریر تمام کامیاب کوالیفائرز کو خوبصورت شیلڈ، ٹوپی اور اجرک پیش کی گئی۔ اس موقع پر تمام شرکاء کنونشن نے گروپ فوٹو بنوایا۔

رات کو ڈریم ورلڈ ریزورٹ کے سبزہ زار پر شرکاء کے لیے موسیقی کا رنگارنگ پروگرام رکھا گیا۔ جس میں فنکاروں نے علاقائی گیتوں میں اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ جس کو سب شرکائے محفل نے بہت پسند کیا اور دل کھول کر داد دی۔



اگلی صبح ناشتے کے بعد تمام شرکاء کنونشن کو کراچی کی سیر کے لیے لے جایا گیا اور شہر کے مختلف مقامات کے علاوہ بعد میں سمندر کی بھی سیر کروائی گئی۔ سمندر پر مہمانوں نے رات گئے تک بہت انجوائے کیا جس کے بعد تمام افراد واپس ڈریم ورلڈ ریزورٹ پہنچے، اسی رات شرکاء کنونشن کے اعزاز میں پرتکلف ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ رات میں کنونشن کے شرکاء کے لیے محفلِ غزل کا اہتمام کیا گیا تھا۔ جس میں شرکاء محفل نے اپنے روایتی انداز میں بھرپور شرکت کی اور داد پیش کی۔

(رپورٹ: محمد عارف درویش، اے ایم ساؤتھ ریجن)

# کراچی میں جلسہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کی مرکزی سیرت کمیٹی کے زیرِ اہتمام گذشتہ دنوں جلسہ سیرت النبی ﷺ کا اہتمام کیا گیا۔ اس جلسہ کی صدارت جناب محسن عباس جی ایم مارکیٹنگ نے کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلامِ پاک سے ہوا، بعدازاں مختلف نعت خوانوں نے ہدیہ نعت پیش کیا۔




اس موقع پر مہمان مقرر حضرت مولانا تشہیر الحق تھانوی اور علامہ اختر عباس زیدی نے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ ایسی مبارک محفلوں میں شرکت کی توفیق خوش نصیبوں کو ہوتی ہے۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں فرمایا ہے کہ ہم نے



آپ کو رحمت اللعالمین بنا کر بھیجا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذات بابرکات کو اللہ پاک نے تمام عالموں کے لیے رحمت بنایا ہے۔ یہ ہماری خوش نصیبی ہے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے امتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا میں اور میرے ملائکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پر درود وسلام بھیجتے ہیں، اے ایمان والوں تم بھی میرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی آل واصحاب پر خوب درود وسلام بھیجو تاکہ تم نجات اور برکتیں حاصل کرسکو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سب سے بڑھ کر محبت کرنا ایمان کا لازمی جزو ہے، اس کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہوتا۔ اس کے علاوہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسوہ حسنہ کو وسیلہ بنا کر ہی زندگی کا مکمل نمونہ بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کا ہر لمحہ ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ اس سے پہلے اسٹیٹ لائف کی جانب سے ایک نعتیہ مقابلے کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اس مقابلے کے جج کے فرائض جناب مسرور احمد خان، جناب احمد اللہ خان اور جناب محمد امین صاحب نے انجام




دیئے۔ نعتیہ مقابلے میں جن تین خوش نصیبوں نے اول، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کی ان کے اسما گرامی جناب منظور احمد، محمد غلام یزدانی اور جناب رحمت علی صدیقی ہیں۔ جناب محسن عباس، جناب محمد اقبال گل اور جناب محمد سعید خان نے انعامات تقسیم کیے۔ اس پروگرام کے اسٹیج



سیکریٹری کے فرائض جناب اقبال بیگ نے انجام دیئے۔

(رپورٹ: مسرور احمد خان، ڈی جی ایم پی ایچ ایس، ساؤتھ ریجن)

# چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو کا دورہ گجرات

چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو گذشتہ دنوں گجرات زون تشریف لائیں، جناب اظہر حسین ریجنل چیف نادرن ریجن بھی ان کے ہمراہ تھے۔ چیئرپرسن اسٹیٹ لائف کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد ان کا گجرات زون کا یہ پہلا دورہ تھا۔ TDCP کھاریاں میں چیئرپرسن کا استقبال کیا گیا، گجرات زون کی ایریا منیجر شازیہ گل نے ان کو ہار پہنایا۔



سیکٹر ہیڈ حبیب الرحمٰن صاحب کو پگ پہنائی جارہی ہے۔

بعد میں پہلی پوزیشن کے حامل سیلز نمائندہ خاور دلدار، سیلز آفیسر شاہ الرحمٰن، سیلز منیجر عطاالرحمٰن، ایریا منیجر محمد اکرم بٹ اور مئی تک پہلی پوزیشن کے حامل سیلز منیجر محمد علی بٹ، ایریا منیجر غضنفر علی بٹ اور سیکٹر ہیڈ حبیب الرحمٰن چناب سیکٹر کو پنجاب کی روایتی پگیں پہنائی گئیں اور اسٹیج پر بٹھایا گیا۔ بہترین کارکردگی کے حامل ایریا منیجرز، سیلز منیجرز، سیلز نمائندگان کو ہار پہنائے گئے، چیئرپرسن کو ویلکم شیلڈ دی



ایریا منیجر غضنفر علی بٹ صاحب کو پگ پہنائی جارہی ہے۔

گئیں۔ انعامات میں موٹر سائیکل جیتنے والوں کو موٹر سائیکل کی چابیاں پیش کی گئیں اور بے شمار انعامات دیئے گئے۔ زونل سربراہ چوہدری محمد یوسف فاروقی نے اپنے خطاب میں چیئرپرسن کو گجرات زون تشریف لانے پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ میں خوش قسمت ہوں کہ مجھے گجرات زون کی نمائندگی فروری 2015 میں سونپی گئی ہے، گجرات زون کی فیلڈفورس، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈ، اسٹاف و افسران انتہائی محنتی ہیں یہی وجہ ہے کہ مئی تک گجرات زون پاکستان بھر میں پہلی پوزیشن پر ہے اور وعدہ کیا کہ انشا اللہ گجرات زون کے عظیم لوگ اپنے زون کو پاکستان میں پہلی پوزیشن پر ہی رکھیں گے۔ ریجنل چیف جناب اظہر حسین نے اپنے خطاب میں نادرن ریجن کے گجرات زون تشریف لانے پر چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو صاحبہ کا شکریہ ادا کیا اور چوہدری محمد یوسف فاروقی صاحب کی بحیثیت زونل سربراہ گجرات میں تعیناتی کو احسن اقدام قرار دیا اور کہا کہ نادرن ریجن میں فکر میں



ایریا منیجر محمد اکرم بٹ صاحب کو پگ پہنائی جارہی ہے۔

سب سے زیادہ کردار گجرات کا ہے جس پر گجرات زون کے تمام ساتھیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔ محترمہ نرگس گھلو نے اپنے خطاب میں والہانہ استقبال پر تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ہم گجرات زون کی کارکردگی سے مطمئن ہیں اور فرمایا کہ میں نے اسٹیٹ لائف کا بحیثیت سربراہ چارج سنبھالنے کے بعد 4 نئے زون اور 1 ریجن بنایا، 9 جنرل منیجرز بنائے۔ ریوائیول اسکیم پالیسی ہولڈرز کے لیے بونس میں 2012 سے اضافہ کیا، نان میڈیکل اور انڈر رائٹنگ لمٹ بڑھائی، اس کے علاوہ این ڈی ایس کی حد بھی بڑھائی جائے گی۔ اسٹیٹ لائف کی انتظامیہ ہر سطح سے آپ کے لیے سہولیات پیدا کرے گی، فیلڈفورس کو چاہیئے کہ پرائیویٹ کمپنیوں میں مقابلہ کی فضا میں اپنی سروس بہتر بنائیں اور اس کو بڑھائیں، چیئرپرسن نے پی ایچ ایس کی سروس بہتر بنانے کی تاکید کی۔



سیلز منیجر محمد علی بٹ کو پگ پہنائی جارہی ہے۔

350 شرکائے محفل نے ہاتھ بلند کر کے یقین دلایا کہ ہم انشا اللہ گجرات زون کو پہلی پوزیشن پر رکھیں گے۔

(رپورٹ: حبیب الرحمٰن، سیکٹر ہیڈ، چناب سیکٹر، گجرات)

# ٹارگٹ کی تکمیل ہی ہمارا فخر و اعزاز ہے۔ محترمہ نرگس گھلو چیئرپرسن اسٹیٹ لائف کا راولپنڈی زون میں گرینڈ ایجنسی میٹنگ سے خطاب

گذشتہ دنوں راولپنڈی زون میں سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز اور سیلز نمائندگان کی مقامی ہوٹل میں گرینڈ میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں مہمانِ خصوصی محترمہ نرگس گھلو، ڈویژنل ہیڈ جناب محسن عباس اور ریجنل چیف اظہر حسین نے شرکت فرمائی۔ خالد محمود شاہد زونل ہیڈ راولپنڈی زون جنہوں نے حال ہی میں راولپنڈی زون کا چارج سنبھالا ہے نے پرتپاک طریقے سے مہمانانِ گرامی کا استقبال کیا۔
اس موقع پر اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے فیلڈ کے ساتھیوں کو مہمانانِ گرامی کے ساتھ اسٹیج پر بٹھایا گیا۔
زونل ہیڈ خالد محمود شاہد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے محترمہ نرگس گھلو کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور امید کا اظہار کیا کہ راولپنڈی زون اپنے سینئرز کی آمد کو بھرپور طریقے سے کیش کروائے گا۔ تمام حاضرین نے زونل ہیڈ کی بھرپور انداز میں تائید کی۔



چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس، ریجنل چیف نارتھ چوہدری اظہر حسین اور زونل ہیڈ جناب خالد محمود شاہد اسٹیج پر تشریف فرما ہیں۔


سیلز منیجر ارشد محمود کو نارتھ ریجن میں اور راولپنڈی زون میں کانٹیسٹ پریڈ کے دوران فرسٹ آنے پر محترمہ نرگس گھلو صاحبہ چیئرپرسن اسٹیٹ لائف ایک لاکھ روپے کا چیک دے رہی ہیں۔ ان کے ساتھ جناب محسن عباس ڈویژنل ہیڈ اور اظہر حسین ریجنل چیف اور خالد محمود شاہد صاحب زونل ہیڈ راولپنڈی زون نمایاں ہیں۔

جناب محسن عباس ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے یہ نوید سنائی کہ چیئرپرسن نے فیلڈ کے لیے بہت سی مراعات کا اعلان کیا ہے، جس سے فیلڈ کے مورال میں بہت اضافہ ہوگا۔
جناب اظہر حسین ریجنل چیف نے خوشی کا اظہار کیا اور اس امر کی تائید کی کہ راولپنڈی زون اپنے کسی سینئرز کو مایوس نہیں کرے گا۔


تقریب کے شرکاء۔

محترمہ نرگس گھلو نے زون کی کارکردگی کو سراہا اور خصوصی طور پر ہدایت کی کہ ابھی بہتری کی بہت گنجائش ہے۔ اپنی ریکروٹمنٹ کو بڑھائیے تاکہ مطلوبہ اہداف حاصل ہوسکیں۔ انہوں نے تمام زونز کے کیش کاؤنٹرز کو بہتر بنانے اور ان سب کو آن لائن کرنے کے بارے میں بتایا، جس پر کام تیزی سے جاری ہے۔
میٹنگ کے اختتام پر راولپنڈی زون کے جناب فقیر محمد خان کوحج کی قرعہ اندازی میں نام نکلنے پر مبارکباد پیش کی گئی۔

**(رپورٹ: عابد محمود ملک، اسسٹنٹ منیجر 2HS)**

---

# بہاولپور زون ماضی کی طرح کارپوریشن میں نمایاں مقام حاصل کرے گا۔ ریجنل چیف چوہدری اختر حسین کا تقریب سے خطاب

گذشتہ دنوں بہاولپور زون میں ''دستار بندی اور شیلڈ'' کنٹیسٹ کا انعقاد ہوا جس کے مہمانِ خصوصی ریجنل چیف ملتان چوہدری اختر حسین تھے، تقریب کے آغاز میں کامیاب ایریا منیجر اور فیلڈ کے ساتھیوں کی


چوہدری اختر حسین تحفہ دیتے ہوئے۔

دستار بندی کی گئی اس کے ساتھ شیلڈ بھی پیش کی گئیں۔ سیکٹر ہیڈ میاں رضوان مجید کو سالانہ بنیاد پر اور سعید


چوہدری اختر حسین ریجنل چیف ملتان اور زونل ہیڈ بہاولپور دستار بندی کرتے ہوئے۔

ملک کو ماہانہ بنیاد پر ریجن میں پہلی پوزیشن لینے پر اسٹیج پر بٹھایا گیا، اس موقع پر زونل ہیڈ فرخ رضا باجوہ صاحب نے ریکروٹمنٹ اور اپنے ساتھیوں کی مالی آمدنی پر بھرپور توجہ پر اظہار خیال کیا۔
انہوں نے کہا کہ آپ کے پاس اس پیشہ میں شب و روز کی محنت اور پلاننگ کے وسیع مواقع موجود ہیں، ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم ادارے، بیمہ داروں اور اپنے گھر والوں کے ساتھ کتنے مخلص ہیں۔
ریجنل چیف ملتان چوہدری اختر حسین نے اپنے خطاب میں کہا کہ میں آپ سے ٹارگٹ نہیں لینا چاہتا اگر آپ میری بتائی گئی ہدایات پر عمل کریں گے تو نتائج خود بخود سامنے آئیں گے اور بہاولپور زون ماضی کی طرح ایک دفعہ پھر کارپوریشن میں نمایاں مقام پر ہوگا۔
ریجنل چیف صاحب کے پُرجوش خطاب نے شرکاء محفل کو گرما دیا اور انہوں نے وعدہ کیا کہ ہم بہاولپور زون کو پہلے کی طرح نمبرون پر لائیں گے۔ آخر میں ریجن اور زون کی طرف سے مقابلوں اور بیش قدر انعامات کا اعلان بھی کیا گیا۔

**(رپورٹ: میاں رضوان مجید، سیکٹر ہیڈ)**

# چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو کا دورہ ملتان

ملتان زون کو اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان میں نمبرون پوزیشن پر لانا ہی جناب زیڈ ایم کامران شمسی صاحب کا اولین مقصد ہے آپ اپنے اس مقصد کے حصول میں شب و روز مصروفِ عمل ہیں۔

ملتان زون کے افسران، اسٹاف، مارکیٹنگ فورس کی بہترین کوآرڈینیشن ہے اسی حوالے سے فیلڈ فیڈریشن آف پاکستان کے جنرل سیکریٹری جناب آغا سہیل کامران اور ملتان ریجن کے قائد جناب چوہدری اختر حسین صاحب کی باہمی مشاورت سے ماہ جون کے لیے ایک کنٹیسٹ سوزوکی کار اور لاکھوں روپے کے کیش انعامات بذریعہ قرعہ اندازی کا اعلان کیا گیا تھا۔



چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو صاحبہ، ڈویژنل ہیڈ سید محسن عباس، ریجنل چیف چوہدری اختر حسین،
زونل ہیڈ ملتان زیڈ ایم کامران شمسی کی شرکاء کے ساتھ ایک یادگار گروپ تصویر۔

اس تقریب میں شرکت کے لیے چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس صاحب ملتان تشریف لائے۔

جناب زیڈ ایم کامران شمسی زونل سربراہ ملتان زون کی طرف سے تشکیل کردہ انتظامی کمیٹی نے مہمانانِ خصوصی اور کامیاب فیلڈ کارکنان کے شایانِ شان فیلڈ میلہ کا اہتمام کیا۔ چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس اور جناب چوہدری اختر حسین صاحب ریجنل



چیف ملتان ریجن کی آمد پر ملتان زون نے اپنے روایتی انداز میں بھرپور استقبال کیا۔ ملتان زون کے ریٹائرڈ افسران نے بھی اس تقریب میں شرکت کی۔

بانی ملتان ریجن جناب شیخ مشتاق احمد، زونل ہیڈ ملتان زون زیڈ ایم کامران شمسی، زونل ہیڈ وہاڑی چوہدری محمد یوسف مختار، ایریا مینیجرز ایسوسی ایشن ملتان کے صدر جناب آفتاب احمد شیخ، صدر ایمپلائز یونین آف پاکستان جناب شاہد وحید اور ماہ اگست کے ٹاپ پروڈیوسرز جلوہ افروز ہوئے۔ اس تقریب کا آغاز اسلامی تعلیمات کے مطابق تلاوتِ کلام پاک سے کیا گیا۔



چیئر پرسن لکی ڈرا فیلڈ میلہ کے کامیاب انعقاد پر کمیٹی کو گارلینڈ کرتے ہوئے۔

اس کے بعد جناب زیڈ ایم کامران شمسی صاحب نے اپنے استقبالیہ خطاب میں چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس اور جناب چوہدری اختر حسین صاحب ریجنل چیف ملتان ریجن و دیگر تمام معززین کا شکریہ ادا کیا کہ جن کی آمد سے ملتان زون کی فیلڈ فورس میں نیا جوش و ولولہ پیدا ہوگا۔ جو بلاشبہ ہماری نمبرون پوزیشن میں اہم کردار ادا کرے گی۔ آپ نے محترمہ نرگس گھلو کو ماہ اگست میں 100% اضافہ اور سال 2015 میں نمبرون پوزیشن کی یقین دہانی کرائی۔

فیلڈ فیڈریشن آف پاکستان کے جنرل سیکریٹری جناب کامران خان نے اپنے جوشیلے خطاب میں کہا کہ ہم محترمہ کے انتہائی مشکور وممنون ہیں کہ آپ نے تقریباً تمام مسائل حل کیے اور آپ کی اسی محنت سے کارپوریشن کے بزنس میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے۔ آغا صاحب نے فیلڈ و اسٹاف کی دلی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے چیئر پرسن صاحبہ کو کہا کہ آپ زون کی سطح پر رہائشی کالونی کا اعلان فرمائیں، آپ نے محترمہ کو زونل ہیڈ ملتان جناب زیڈ ایم کامران شمسی صاحب کے 100% ٹارگٹ کی تکمیل میں بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

ریجنل چیف ملتان ریجن جناب چوہدری اختر حسین صاحب نے خطاب میں شرکاء کو اپنے تجربات سے آگاہ کیا اور کامیابی کے نت نئے گر بتائے۔ آپ نے بھی ملتان زون کو نمبرون پوزیشن پر لانے کے لیے اپنی بھرپور خدمات پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے مسائل کو جاننے اور ان کے حل کے لیے میرے آفس کے دروازے آپ کے لیے ہر وقت کھلے ہیں۔

جناب محسن عباس صاحب نے اپنے سحر انگیز خطاب میں ملتان زون کے کارکنان کے پرجوش انداز میں استقبال کا خیر مقدم کیا اور ملتان زون کو اپنی پوزیشن کی بحالی کے لیے بھرپور محنت کرنے کو کہا اور پاکستان کے نمبرون ایریا مینیجر محمد سرور کی مثال دی۔

محترمہ نرگس گھلو نے اپنے خطاب میں فیلڈ ٹرسٹ پر بہت جلد عمل درآمد کی یقین دہانی کرائی اور آپ نے کارکنان کے مسائل اور ان کے فوری حل کا یقین دلایا۔ محترمہ نے کہا کہ مجھے ملتان زون سے بہت سی امیدیں ہیں۔ مجھے قوی امید ہے کہ آپ کی کاروباری صورتحال میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ آپ نے اپنے خطاب میں ملتان کی آرگنائزنگ کمیٹی کی خدمات کو سراہتے ہوئے انتظامات کی تعریف کی اور ملتان زون کی طرف سے آرگنائزنگ کمیٹی کے تمام ممبران کو تعریفی خطوط سے بھی نوازا۔

**(رپورٹ: محمد افضال قمری، پی اے ٹو زونل ہیڈ ملتان)**

## "DINE WITH CHAIRPERSON CONTEST"

## ہوٹل رمادا میں چیئرپرسن کی اسٹیٹ لائف کے کامیاب فیلڈ ورکرز کے ساتھ ایک شام




اسٹیج کا منظر جس میں چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو، محسن عباس جی ایم مارکیٹنگ اور چوہدری اختر حسین ریجنل چیف ملتان ریجن نمایاں ہیں۔

مورخہ 14 اگست کو ہوٹل رمادا میں ایک پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس کی مہمانِ خصوصی محترمہ نرگس گھلو چیئرپرسن اسٹیٹ لائف تھیں۔ اس تقریب میں کامیاب ورکرز کو کھانے پر مدعو کیا گیا اور انعامات قرعہ اندازی کے ذریعے دیئے گئے جو کہ موٹر سائیکل، کیش انعام اور شیلڈ پر مشتمل تھے۔

بعدازاں خطاب میں محترمہ نرگس گھلو چیئرپرسن، جناب محسن عباس ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اور چوہدری اختر حسین ریجنل چیف ملتان ریجن نے کامیاب ورکرز کو مبارکباد دی اور اسٹیٹ لائف کے کاروبار میں مزید بہتری کے لیے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ (رپورٹ: سید منظر عباس رضوی، پی آر او ملتان ریجن)



تقریب کے شرکاء۔

---

## ساہیوال زون میں فیلڈ ورکرز کے لیے ''جون کے رنگ... فیلڈ کے سنگ'' کنٹیسٹ کا انعقاد

ساہیوال زون میں فیلڈ ورکرز کے لیے ایک کنٹیسٹ ''جون کے رنگ فیلڈ کے سنگ'' کا انعقاد کیا گیا تھا۔ اس کنٹیسٹ میں قرعہ اندازی کے ذریعے ایک عدد کار (سوزوکی مہران) اور 10 عدد موٹر سائیکلیں انعامات کے لیے رکھی گئیں بعدازاں زونل ہیڈ ساہیوال جناب محمد جمیل کی خصوصی دلچسپی کے باعث موٹر سائیکلیں دی گئیں۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس اور چوہدری اختر حسین ریجنل چیف ملتان بطور مہمانِ خصوصی تشریف لائے۔ ان کی آمد پر انتہائی خوبصورت پھولوں کے گلدستے پیش کیے گئے۔ اس پروقار تقریب میں شرکاء کی تعداد 600 سے زائد تھی۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک اور نعت رسول مقبول سے کیا گیا نیز پروگرام کا باقاعدہ آغاز جناب محسن عباس اور چوہدری اختر حسین نے جشن آزادی کا ایک بہت ہی خوبصورت کیک کاٹ کر کیا۔ اس موقع پر پاکستان کا قومی ترانہ اور دیگر ملی نغمے بھی پیش کیے گئے۔

اس کے بعد جناب محسن عباس نے قرعہ اندازی میں شامل فیلڈ فورس کے لیے بمپر انعام سوزوکی مہران کار کا قرعہ نکالا اور پھر 12 عدد موٹر سائیکلیں قرعہ اندازی کے ذریعے نکالی گئی جن کے قرعے جناب چوہدری اختر حسین اور دیگر شرکاء نے نکالے اور خوش نصیب ونرز کو انعامات دیئے گئے۔ اس موقع پر چوہدری اختر حسین ریجنل چیف ملتان، صدر ایریا منیجرز ایسوسی ایشن، جنرل سیکریٹری فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن، سیکٹر ہیڈز ساہیوال زون نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

آخر میں مہمان خصوصی جناب محسن عباس نے شرکاء سے خطاب کیا اور انہوں نے شرکاء کو مزید بہتر کام




ساہیوال زون میں ہونے والے تقریبِ تقسیمِ انعامات کے موقع پر پروگرام کے آغاز میں قومی ترانہ سنتے ہوئے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس، ریجنل چیف چوہدری اختر حسین، زونل ہیڈ ساہیوال جناب محمد جمیل اور دیگر۔



ساہیوال زون میں منعقدہ تقریبِ تقسیمِ انعامات کے موقع پر جناب محسن عباس نے جشن آزادی کا کیک کاٹ کر تقریب کا آغاز کیا گیا۔ ریجنل چیف چوہدری اختر حسین اور زونل ہیڈ ساہیوال نمایاں ہیں۔

کرنے کی تلقین کی اور ان کی رہنمائی فرمائی۔ اور انہوں نے زونل ہیڈ جناب محمد جمیل کی کاوشوں، محنت اور کام کرنے کے انداز کو سراہا اور ان کو زون کے کاروبار کو مزید بہتر کرنے کی تلقین فرمائی۔

(رپورٹ: محمد عرفان، پی اے ٹو زونل ہیڈ، زونل ہیڈ سیکریٹریٹ اسٹیٹ لائف ساہیوال زون)

# تصویری خبرنامہ





یوم آزادی 2015 کے موقع پر مقامی ہوٹل میں، منعقدہ تقریب میں شریک جناب چوہدری محمد اعجاز صاحب ریجنل چیف فیصل آباد ریجن اور جناب محمد اکبر مغل صاحب زونل سربراہ فیصل آباد زون، اور تقریب کے شرکاء۔





وزیراعظم پاکستان ہیلتھ انشورنس اسکیم کا ٹینڈر حاصل کرنے پر اسٹیٹ لائف کے صدر دفتر میں کیک کاٹنے کی تقریب کے شرکاء



زونل سربراہ بہاولپور فرخ باجوہ زون میں ون ونڈو کاؤنٹر کا افتتاح کرتے ہوئے، تصویر میں سیکٹر ہیڈ میاں رضوان مجید، انچارج شعبہ بیمہ داران اشفاق عباسی، زونل ایڈیٹر ماجد شاہ اور زونل اکاؤنٹنٹ فرید مہاروی بھی نمایاں ہیں۔




اسٹیٹ لائف انشورنس ایمپلائز یونین آف پاکستان کے صدر جناب شاہد وحید کا اپنے رفقاء کے ساتھ گروپ فوٹو

# اسٹیٹ لائف
# میدانِ عمل میں



جناب سعید خان زونل ہیڈ کراچی سدرن زون، امام علی بھرت کو میچوریٹی کی مد میں 36,790,000 (تین کروڑ سڑسٹھ لاکھ نوے ہزار) روپے کا کلیم کا چیک پیش کر رہے ہیں۔



جناب شفقت حسین جعفری زونل سربراہ اسٹیٹ لائف پشاور زون سرداز خان مرحوم کے بیٹے کو ڈیتھ کلیم کی مد میں مبلغ -/13,000,000 (ایک کروڑ تیس لاکھ روپے) کا اسٹیٹ لائف پشاور زون کی تاریخ کا سب سے بڑا چیک پیش کر رہے ہیں۔



زیڈ ایم کامران شمسی صاحب زونل ہیڈ ملتان، سابقہ صوبائی وزیر حاجی احسان الدین قریشی ایم پی اے کو ان کی پالیسی پر لائلٹی بونس کا چیک مبلغ 300,000 (تین لاکھ) روپے دے رہے ہیں۔ طارق صدیق صاحب سیکٹر ہیڈ ملتان زون بھی اس موقع پر موجود ہیں۔





زونل سربراہ چوہدری انعام اللہ، پیم دار محمد اشرف (مرحوم) کی بیوی محترمہ شاہدہ بیگم کو ڈیتھ کلیم کی مد میں مبلغ 220,000 (دو لاکھ بیس ہزار) روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں۔



ساہیوال زون، سیکٹر ہیڈ میاں محمد اشرف جاوید اور ایریا منیجر شوکت علی زاہد نوری، پالیسی ہولڈر محمد اسحاق چوہدری کی ڈیتھ پر بیوہ ثمینہ ناز کو 1,203,498 (بارہ لاکھ تین ہزار چار سو اٹھانوے) روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں۔



زونل ہیڈ رحیم یار خان نور محمد جاوید اور سابق ایم پی اے میاں محمد سلیم جام احمد بخش کو اس کی بیوہ کا ڈیتھ کلیم -/330,000 (تین لاکھ تیس ہزار) روپے کا چیک دے رہے ہیں۔

# اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی قیادت کی جانب سے 'فیلڈ فورس کے ہمہ جہت، سدا بہار سیلز مینجرز اور سیلز آفیسرز کے لیے مراعات کا اعلان

- اسٹاف سیلری (بشمول ڈرائیور تنخواہ جہاں لاگو ہو) میں 25% اضافہ کر دیا گیا ہے۔
- میڈیکل مراعات بشمول ادویات چیک اپ کی سالانہ حد ہسپتال روم رینٹ میں 25% اضافہ۔
- آفس اسٹیشنری کی واجب الادا (Reimbursement Limit) میں بھی 25% اضافہ۔
- بزرگ شہری (60 سال سے زائد عمر والے) ساتھیوں کے لیے خصوصی رعایت کہ اُن کا کوٹہ 25% کے بجائے 10% ہی لاگو ہوگا۔

علاوہ ازیں اگر کسی سیلز آفیسرز کا نیو پروموشن ہوا ہو اور وہ سیلز مینجر کا کوٹہ پورا نہ کر پایا ہو تو سیلز مینجر/سیلز آفیسر کے FYP کی Clubbing کر کے میڈیکل سہولت دے دی جائے گی۔

اس معاہدے کے سلسلے میں صدر جناب محمد اصغر اور ان کی ٹیم نے انتھک محنت کی ہے اور اس کو تاریخ ساز بنانے میں چیئر پرسن نرگس گھلو، اور جناب محسن عباس ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کی ذاتی دلچسپی کا نتیجہ ہے۔ یہ معاہدہ یکم جنوری 2015 سے نافذ العمل ہوگیا ہے۔

(رپورٹ: اسلم پرویز، سیکریٹری اطلاعات)



اسٹیج کا منظر جس میں چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو، محسن عباس جی ایم مارکیٹنگ اور چوہدری اختر حسین ریجنل چیف ملتان ریجن نمایاں ہیں۔

## افضل جنجوعہ کی نئی کتاب ''رویئے'' منظرِ عام پر آ گئی

سابق ڈویژنل ہیڈ، افضل جنجوعہ کی نئی کتاب ''رویئے'' گذشتہ دنوں چھپ کر آئی ہے۔ گذشتہ کتابوں کی طرح یہ کتاب بھی ہمارے سیلز سے متعلق ساتھیوں کے لیے بے حد مفید ہے کیونکہ اس میں مختلف رویوں کو سمجھنے اور ان کے مطابق گفتگو آگے بڑھانے کے لیے مفید قابلِ عمل مشورے دیئے گئے ہیں۔ ہمارے ساتھی یہ کتاب مصنف سے ان کے فون نمبر 0333-2197206 پر رابطہ کر کے منگوا سکتے ہیں۔ ہم مصنف کو مبارکباد دیتے ہیں اور توقع رکھتے ہیں کہ وہ یہ سلسلہ جاری رکھیں گے۔ (ادارہ تحفظ)

## انتقالِ پُر ملال



ہمارے ساتھی جناب محمد جمیل احمد، سابق اسسٹنٹ جنرل مینجر، انٹرنل آڈٹ، کراچی سدرن زون، گذشتہ دنوں اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے ہیں۔ مرحوم انسان دوست، ملنسار، نیک سیرت اور کارپوریشن کا انتہائی درد رکھنے والے انسان تھے، وہ افسران اور کارکنان میں بے حد مقبول تھے۔

اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ دے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)۔

## تعزیت



ہمارے ساتھی جناب شوکت علی، سینئر قاصد ایف ایم ڈی، رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے ہیں۔ شوکت علی مارچ 1981 میں اسٹیٹ لائف سے منسلک ہوئے مرحوم نے دوران سروس مارکیٹنگ ڈویژن اور ایف ایم ڈی میں خدمات انجام دیں۔ بالخصوص ایف ایم ڈی آڈیٹوریم میں تمام تقریبات کو منعقد کرنے میں ان کا بہت اہم کردار رہا۔ وہ تمام اسٹاف اور افسران میں یکساں مقبول تھے۔ ہم مرحوم کی مغفرت کے لیے دعا گو اور لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

(رپورٹ: محمد احتشام فیصل، ایف ایم ڈی پرنسپل آفس)

# NARGIS GHALOO, CHAIRPERSON, SLIC VISITS HYDERABAD REGION

Nargis Ghaloo, Chairperson, State Life Insurance Corporation of Pakistan, visited the Regional Office Hyderabad. She was welcomed by the Field Workers' Association, Area Managers' Association, Officers' Association, Employees' Union, all the Sector Heads and Area Managers of the Hyderabad Zone. They gathered to receive her along with Mr. Mohsin Abbas, Divisional Head (Marketing). All the Association Leaders met with the Chairperson to discuss various issues in the interest of the Zone and Corporation.


The meeting started with the recitation of the Holy Quran by Mr. Muhammad Umer Meo. Mr. Dur Muhammad Baladi, Regional Chief, Hyderabad, welcomed the Chairperson and thanked her.

During the business review, Mr. Mohsin Abbas, Divisional Head (Marketing), addressed the Zonal Heads and Sector Heads, and asked them to boost the business activities from all angles and emphasized recruitment – the segment which results in achieving the targets at the Sector Head, Zonal and Regional levels.

Nargis Ghaloo, Chairperson SLIC, got a review of all Zonal Heads and Sector Heads individually, and also asked each Sector Head to consent to complete the targets given in the interest of individual Zones and the Region. She was concerned about the business position of the Hyderabad Region, and appreciated the performance of the Mirpurkhas Zone on the achievement of FYP in the month of July 2015.

On the basis of year-to-date, she promised to solve all the problems of the Region on a priority basis from her own end.

At the end of the meeting, Mr. Dur Muhammad Baladi, Regional Chief, SLIC (HRO), once again assured her on behalf of all the Zonal Heads, Sector Heads, Area Managers and Field Force of delivering significant and fruitful results in all the segments of Life Insurance business, not only in the month of August 2015, but he also promised to show an increase of more than 25% in all the fields of Life Insurance by the closing of December, 2015.






Report by: Mohammed Irfan
P.S. to the Regional Chief, Hyderabad Region

# Tabaffuz

November 2015

An in-house magazine of State Life Insurance Corporation of Pakistan (Only for Marketing Force)

## Bhurban Convention 2015

















